# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: I (Classical Shaeree)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

**نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ حصہ اول میں سے دو اور باقی ہر حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب تحریر کیجئے۔ تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔**

## (حصہ اول)

سوال نمبر 1- ولی کی شاعری کی فکری وفنی خصوصیات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 2- مومن خاں مومن کی غزل کے فنی محاسن بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3- داغ کی غزل میں پائے جانے والے فکری وفنی محاسن کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر 4- خواجہ حیدر علی آتش کی غزل فکر وفن کا حسین امتزاج ہے۔ تائید یا تردید کیجئے۔

## (حصہ دوم)

سوال نمبر 5- مثنوی سحرالبیان دہلوی تہذیب ومعاشرت کی عکاسی کرتی ہے۔ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 6- مثنوی گلزار نسیم کی لفظی ومعنوی خوبیوں پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے۔

## (حصہ سوم)

سوال نمبر 7- میر انیس کی مرثیہ نگاری کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں۔ مثالیں دے کر واضح کریں۔

سوال نمبر 8- نظیر اکبر آبادی کی نظم نگاری پر تفصیل سے اظہار خیال کیجئے۔

## (حصہ چہارم)

**سوال نمبر 9- حوالہ متن کی نشاندہی کرتے ہوئے تشریح کیجئے۔ فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجئے۔**

ہوں کشتۂ تغافلِ ہستی بے ثبات — خاطر سے کون کون نہ اس نے بھلا دیئے

عنقا کی طرح جتنے تھے یاں نامورِ فلک — تو نے خدا ہی جانے کہ کیدھر اڑا دیئے

پگھلا دلِ اثر نہ مرے حال پر کبھی — ہر چند روتے روتے میں نالے بہا دیئے

یارب یہ کیا خرام ہے جس نے اک آن میں — کتنے ہی مردے حشر سے آگے جلا دیئے

**سوال نمبر 10- حوالہ متن کی نشاندہی کرتے ہوئے تشریح کیجئے۔ فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجئے۔**

حیرت کی نہیں جائے کہ دیوار چمن پر — ہر طائر تصویر کرے نغمہ سرائی

شاہا! ترے جلوے سے ہے یہ عید کو رونق — عالم نے تجھے دیکھ کے ہے عید منائی

کہتے ہیں مہِ نو جسے ابرو نے وہ تیری — کی آئینۂ چرخ میں ہے جلوہ نمائی

پرتو سے ترے جام مئے عیش سرِ بزم — لے ساغرِ جمشید کرے کارروائی

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: II (Afsanvi Nasar O Drama)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ: صرف پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ حصہ اول، سوم اور چہارم سے ایک ایک، جبکہ حصہ دوم سے دو سوال منتخب کریں۔

## حصہ اول (داستان)

سوال نمبر ۱: ''باغ و بہار'' میں کن معاشرتی پہلوؤں کو موضوع بنایا گیا ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر ۲: ''فسانۂ عجائب'' میں لکھنوی تہذیب وتمدن کے عناصر نمایاں ہیں؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔ (۲۰)

## حصہ دوم (ناول)

سوال نمبر ۳: ڈپٹی نذیر احمد کے ناول سماجی مسائل کے آئینہ دار ہیں؟ وضاحت کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر ۴: ''سیر کہسار'' کے حوالے سے سرشار کے اسلوب کی خصوصیات کا جائزہ لیں۔ (۲۰)

سوال نمبر ۵: ''امراؤ جان ادا'' کے فکری وفنی محاسن بیان کریں۔ (۲۰)

## حصہ سوم (افسانہ)

سوال نمبر ۶: پریم چند کے افسانے معاشرے کے پسے ہوئے طبقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ بحث کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر ۷: ''زرد کتا'' کی علامت انسانی فطرت کے کس پہلو کی نشاندہی کرتی ہے؟ بیان کریں۔ (۲۰)

## حصہ چہارم (ڈراما)

سوال نمبر ۸: ''انارکلی'' ایک المیہ ڈراما ہے؟ وضاحت کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر ۹: ''تعلیم بالغاں'' طنز و مزاح ہی نہیں، مقصدیت کا بھی حامل ہے۔ مثالوں سے واضح کریں (۲۰)

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: III (Asaleeb Nasar)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ : کل پانچ سوالات کے جوابات لکھیے ۔ پہلا سوال لازمی ہے ۔ تمام سوالات کے نمبر یکساں ہیں ۔

سوال نمبر ۱ : مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح اس طرح کریں کہ مصنف کے اُسلوب کی خصوصیات نمایاں ہو جائیں ۔ ۲۰

(الف) اس کی آنکھ وحشیانہ تھی مگر نگاہ میں افسردگی تھی، اور نام اس کا وہم تھا ۔ ہر شخص کا بوجھ بندھوا تا تھا اور لدوا تا تھا اور مقام مقررہ پر لے جاتا تھا ۔ میں نے اپنے ہم جنسوں اور ہم صورت بھائیوں کو جب بوجھوں کے نیچے گڑگڑا تا دیکھا اور ان مصیبتوں کے انبار کو خیال کیا تو بہت گھبرایا اور دِل میں ایسا ترس آیا کہ بیان نہیں ہو سکتا ۔ اِس عالم میں بھی چند شخصوں کی حالت ایسی نظر آئی کہ اس نے ذرا میرا دل بہلایا ۔

(ب) یہاں ایک ہی ترازو لے کر ہر طبیعت اور حالت کا احساس نہیں تولا جا سکتا ۔ ایک دہقان کی راحت والم تولنے کے لیے جس ترازو سے ہم کام لیتے ہیں، اس سے فنونِ لطیفہ کے ایک ماہر کا معیار راحت والم نہیں تول سکیں گے ۔ ایک ریاضی دان کو ریاضی کا ایک مسئلہ حل کرنے میں جو لذت ملتی ہے، وہ ایک ہوس پرست کو شبستانِ عشرت کی سیہ مستیوں میں کب مل سکے گی ۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہم پھولوں کی سیج پر لوٹتے ہیں اور راحت نہیں پاتے ۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کانٹوں پر دوڑتے ہیں اور اس کی ہر چبھن میں راحت وسرور کی ایک نئی لذت پانے لگتے ہیں ۔

سوال نمبر ۲ : اُسلوب سے کیا مراد ہے؟ اُسلوب کے تشکیلی عناصر پر ایک مفصل نوٹ قلم بند کیجیے ۔ ۲۰

سوال نمبر ۳ : قافیہ اور دیگر شعری عناصر مُلّا وجہی کے اُسلوب کی بنیاد ہیں ۔ مثالوں سے واضح کیجیے ۔ ۲۰

سوال نمبر ۴ : خطوطِ غالب اپنے عصر کے بہترین ترجمان ہیں ۔ مفصل رائے دیجیے ۔ ۲۰

سوال نمبر ۵ : سر سیّد احمد خان کے مضامین عبارت آرائی کے بجائے مقصدیت سے مملو ہیں ۔ بحث کیجیے ۔ ۲۰

سوال نمبر ۶ : شبلی کا اُسلوب علمیت اور شعریت کے امتزاج سے ظاہر ہوا ہے ۔ مفصل بیان کیجیے ۔ ۲۰

سوال نمبر ۷ : مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے ۔ ۲۰

سوال نمبر ۸ : وزیر آغا نے اُردو انشائیہ کے بنیادی مزاج اور اُسلوب کا تعین کر کے اسے ایک الگ صنف بنانے میں اہم کردار ادا کیا ۔ بحث کیجیے ۔ ۲۰

سوال نمبر ۹ : ''چراغ تلے'' کے خصوصی حوالے سے مشتاق احمد یوسفی کے فنِ مزاح نگاری پر ایک جامع نوٹ لکھیے ۔ ۲۰

**UNIVERSITY OF THE PUNJAB**

**Part-I : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: IV (Tareekh Zaban O Adab)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

**نوٹ:** کوئی سے پانچ سوالوں کے جوابات دیں، تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر1: حافظ محمود شیرانی نے "پنجاب میں اردو" میں جو تاریخی اور لسانی دلائل پیش کئے ان کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر2: دکنی دور میں اردو مثنوی فکری اور فنی اعتبار سے بامِ عروج کو پہنچی، دلائل دیں؟

سوال نمبر3: ایہام گوئی کی تحریک سے وابستہ شعرا کی خدمات کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر4: عہدِ میر و سودا کی اصنافِ سخن کا تاریخی و تہذیبی صورت حال میں جائزہ لیں؟

سوال نمبر5: مرزا غالب نے اردو غزل کو فلسفیانہ رنگ و آہنگ سے آشنا کیا، مثالوں سے واضح کریں؟

سوال نمبر6: علی گڑھ تحریک سے وابستہ ناقدین کی خدمات کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر7: انجمن پنجاب نے جدید اردو نظم کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا، جائزہ لیں؟

سوال نمبر8: ترقی پسند تحریک نے اردو شاعری کو نئے ذائقوں سے آشنا کیا، آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟

سوال نمبر9: درج ذیل موضوعات میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

الف) آتش کی شاعری

ب) رومانی تحریک

ج) جدیدیت کیا ہے؟

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: V (Mir-O-Ghalib Key Shaeree Ka Khususi Mutalaa)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جواب درکار ہیں۔تشریح متن کا سوال لازمی ہے۔دوسرے دو حصوں میں سے دو، دو سوالات کے جوابات دینا ہوں گے تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر 1۔دیے گئے شعری اقتباسات میں سے دو، دو اشعار کی تشریح کیجیے۔

(الف)

| | |
|---|---|
| تھا شوق مجھے طالبِ دیدار ہوا میں | سو آئینہ سا صورت دیوار ہوا میں |
| جب دور گیا قافلہ تب چشم ہوئی باز | کیا پوچھتے ہو دیر خبردار ہوا میں |
| کب ناز سے شمشیرِ ستم ان نے نہ کھینچی | کب ذوق سے مرنے کو نہ تیار ہوا میں |
| ہشیار تھے سب دام میں آئے نہ ہم آواز | تھی رفتگی سی مج کو گرفتار ہوا میں |

(ب)

| | |
|---|---|
| ذکر اس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا | بن گیا رقیب آخر تھا جو رازداں اپنا |
| مے وہ کیوں بہت پیتے بزمِ غیر میں یارب | آج ہی ہوا منظور ان کو امتحاں اپنا |
| منظر اک بلندی پر اور ہم بنا سکتے | عرش سے ادھر ہوتا کاش کہ مکاں اپنا |
| دے وہ جس قدر ذلت ہم ہنسی میں ٹالیں گے | بارے آشنا نکلا ان کا پاسباں اپنا |

حصہ اول

سوال نمبر 2۔ میر کی شاعری میں ان کا پورا عہد نظر آتا ہے۔میر کی شاعری کی روشنی میں ان کے عہد پر بھرپور بحث کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ میر کی شاعری میں پائے جانے والے تصورِ غم کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ میر کی شاعری کی فنی خوبیاں بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ میر شناسی کی روایت میں ڈاکٹر شمس الرحمٰن فاروقی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

حصہ دوم

سوال نمبر 6۔ کلامِ غالب میں حسن و عشق کے تصور پر ایک جامع مضمون تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ غالب کی مشکل پسندی نے تفہیمِ غالب کو مشکل بنا دیا ہے۔آپ کا کیا خیال ہے؟

سوال نمبر 8۔ غالب کی شاعری کے طنزیہ و ظریفانہ عناصر کا بھرپور جائزہ لیجیے

سوال نمبر 9۔ غالب شناسی کی روایت میں عبدالرحمٰن بجنوری کے کردار کی وضاحت کیجیے

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: I (Urdu Shaeree Classici Ehd Main)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ حصہ اول میں سے دو اور باقی ہر حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب تحریر کیجئے۔ تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔

## (حصہ اول)

سوال نمبر1- ولی دکنی جمال دوست، اسلوب پرست شاعر ہے۔ شاعری سے مثالیں دیں۔

سوال نمبر2- میر تقی میر کی شاعری اس کے عہد کے غموں کی ترجمان ہے۔ میر کے اشعار سے مثالیں پیش کیجیے۔

سوال نمبر3- آتش کی شاعری کی فکری و فنی خصوصیات روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر4- غالب کی شاعری میں استفہامیہ لب و لہجے سے پیدا ہونے والی خوبیاں اشعار کی روشنی میں واضح کریں۔

## (حصہ دوم)

سوال نمبر5- مثنوی سحر البیان کی کردار نگاری پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ اشعار سے مثالیں دیں۔

سوال نمبر6- مثنوی گلزار نسیم کی فکری و فنی خصوصیات واضح کرنے کے لیے شعری مثالیں دیں۔

## (حصہ سوم)

سوال نمبر7- نظیر اکبر آبادی ایک عوامی شاعر ہیں۔ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر8- سودا کی قصیدہ نگاری کے نمایاں عناصر کیا ہیں، اشعار سے واضح کریں۔

## (حصہ چہارم)

**سوال نمبر9۔ حوالہ متن کی نشادہی کرتے ہوئے تشریح کیجئے۔ فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجئے۔**

وحدت نے ہر طرف ترے جلوے دکھا دیے
پردے تعینات کے جو تھے اُٹھا دیے

دونوں جہان کی نہ رہی پھر خبر اسے
دو پیالے تیری آنکھوں نے جس کو پلا دیے

چاہوں وفا کرو نہ کرو اختیار ہے
خطرے جو اپنے جی میں تھے وہ سب اٹھا دیے

سیلابِ اشک گرم نے اعضا مرے تمام
اے درد کچھ بہا دیے اور کچھ جلا دیے

**سوال نمبر10۔ حوالہ متن کی نشادہی کرتے ہوئے تشریح کیجئے۔ فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجئے۔**

پھولا شفق سے چرخ پہ جب لالہ زارِ صبح
گلزارِ شب خزاں ہوا، آئی بہارِ صبح

کرنے لگا فلک زرِ انجم، نثارِ صبح
سرگرمِ ذکرِ حق ہوئے طاعت گزارِ صبح

تھا چرخِ اخضری پہ یہ رنگ آفتاب کا
کھلتا ہے جیسے پھول چمن میں گلاب کا

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (Old Course)** **MAX. TIME: 3 Hrs.**

**PAPER: IV (Tareekh-e- Zuban-O-Adab-e-Urdu)** **MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: کوئی سے پانچ سوالوں کے جوابات دیں، تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر1: اردو زبان کی ابتداء کے حوالے سے ڈاکٹر مسعود حسین خاں کے نظریے کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر2: عادل شاہی دور میں مثنوی کے ارتقاء کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر3: ایہام گو شعرا کی خدمات پر روشنی ڈالیں؟

سوال نمبر4: آتش وناسخ کے دور میں غزل گوئی کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر5: غالب اور مومن کے عہد میں غزل اپنے عروج کو پہنچی، آپ کی رائے؟

سوال نمبر6: فورٹ ولیم کالج کے مصنفین و مترجمین کی خدمات کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر7: رومانی تحریک نے اردو شاعری کو نئی لطافتوں سے آشنا کیا، جائزہ لیں؟

سوال نمبر8: پاکستانی اور اسلامی ادب کی وضاحت کریں، اہم مصنفین اور شعرا کی خدمات کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر9: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

الف) انجمن پنجاب اور محمد حسین آزاد

ب) سر سید احمد خاں کی خدمات

ج) اردو تنقید اور ترقی پسند تحریک